© rasailojaraid.com



## خبردار ہوشیار

# مرزائیوں کے دھوکہ اور فریب سے بچو

مسلمانو! مرزائیوں کے فریب سے بچو۔ دھوکہ اور تاویل ان کے دجل کی بنیاد ہے ان کے دھوکے میں مت آنا۔ ان کی تاویلوں کے جال میں مت پھنسنا۔ ان کا سارا دجل مرزا غلام احمد کو نبی منوانے کیلئے ہے۔

غیر محرم عورتوں سے مٹھیاں بھروانے والا تو ایک شریف آدمی بھی نہیں ہو سکتا۔

سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں نجران سے عیسائیوں کا وفد آیا اور انہوں نے جناب سیدنا مسیح مقدس عیسیٰ ابن مریم علیہما الصلوٰۃ والسلام کے بارے میں حضور علیہ السلام سے گفتگو کرتے ہوئے ضد کی تو حضور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم نے سمجھانے کیلئے ان عیسائیوں کو یوں ہدایت فرمائی ارشاد فرمایا:

"اَلستُم تعلمونَ اَنّ ربَّنا حیٌّ لا یموت "وَاِنّ عیسیٰ یَأتی عَلیہِ الفناءُ" (الحدیث)

تم نہیں جانتے اللہ زندہ ہے مرے گا نہیں۔ اور عیسیٰ علیہ السلام کو موت آنے گی۔

اور یہودیوں کو فرمایا!

"اِنّ عیسیٰ لَم یَمُت وَاِنّہ رَاجِعُ اِلَیکُم" قَبلَ یَوم القیامَہ (الحدیث)

تحقیق عیسیٰ علیہ السلام مَرے نہیں وہ تمہاری طرف قیامت سے پہلے لوٹیں گے۔

ان ارشادات سے معلوم ہوا کہ عیسیٰ علیہ السلام حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس تک تو مرے نہیں تھے پھر کب مرے۔؟ یہ مرزائی دجال بتائیں۔

قائد احرار، جانشین امیر شریعت ثانی
حضرت مولانا سید عطاء المحسن بخاری رحمہ اللہ

© rasailojaraid.com